**14.08.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں .................. فیصل خان

**Music**

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو یوم آزادی سے قبل آج شام ملک سے خطاب کریں گی۔
☆ یوم آزادی کے موقع پر پولیس، آگ بجھانے کے عملے، ہوم گارڈز اور سِول ڈیفنس اور اصلاحی خدمات کے ایک ہزار سے زیادہ اہلکاروں کو بہادری اور سروس میڈلز سے نوازا گیا ہے۔
☆ سپریم کورٹ نے ریاستوں کو معدنیات کے حقوق سے متعلق بقایا ٹیکس وصول کرنے کی اجازت دے دی ہے۔
☆ حج 2025 کے لئے درخواستوں کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، یہ درخواستیں اگلے مہینے کی 9 تاریخ تک داخل کی جاسکیں گی۔
☆ اور جاپان کے وزیراعظم **Fumio Kishida** آئندہ ماہ اپنے عہدے سے سبکدوش ہوجائیں گے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PRESIDENT ADDRESS**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 78ویں یوم آزادی سے قبل آج شام ملک سے خطاب کریں گی۔ اُن کی یہ تقریر آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک پر ہندی میں نشر کی جائے گی۔ ساتھ ہی دُوردرشن کے سبھی چینلس پر اِسے ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔ اِس کے بعد اُن کا خطاب انگریزی میں ہوگا۔
دُوردرشن پر ہندی اور انگریزی میں اُن کے خطاب کے بعد علاقائی چینل اِسے علاقائی زبانوں میں نشر کریں گے۔
آکاشوانی سے صدر جمہوریہ کے خطاب کو متعلقہ علاقائی نیٹ ورک پر علاقائی زبانوں میں رات ساڑھے نو بجے نشر کیا جائے گا۔

## Gallantry And Service Medel

پولیس، آگ بجھانے کے محکمے، ہوم گارڈز اور سِول ڈیفنس اور اصلاحی خدمات سے متعلق محکمے کے ایک ہزار 37 اہلکاروں کو یوم آزادی کے موقع پر شجاعت اور خدمات کے میڈلز سے نوازا گیا ہے۔ تلنگانہ پولیس کے ہیڈکانسٹیبل کو شجاعت کے لئے صدر کے میڈل سے سرفراز کیا گیا ہے۔ وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ 213 اہلکاروں کو بہادری کے میڈل دیئے گئے ہیں۔ اس نے بتایا کہ اعلیٰ خدمات کے لئے صدر کے 94 میڈلز میں سے 75 پولیس سروس کو، 8 فائر سروس کو، 8 سِول ڈیفنس اور ہوم گارڈز کو اور تین اصلاحی خدمات کو دیئے گئے ہیں۔ 729 اہلکاروں کو گرانقدر خدمات کے لئے میڈلز سے نوازا گیا ہے۔

## Delhi Metro

دلی میٹرو کل صبح سویرے چار بجے سے اپنی خدمات کا آغاز کرے گی تاکہ یوم آزادی کی تقریب میں شرکت کرنے والوں کو سہولت ہوسکے۔ دلی میٹرو کی سبھی ٹرینیں سبھی لائنوں پر 15 منٹ کے وقفے سے صبح چھ بجے تک دستیاب رہیں گی اور اس کے بعد پورے دن معمول کے مطابق دستیاب رہیں گی۔

## Shah Har Ghar Tiranga

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ہرگھر ترنگا مہم کے تحت نئی دلی میں اپنی رہائش گاہ پر ترنگا پھہرایا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ یہ ترنگا ملک کے کروڑوں لوگوں کے وقار، وفاداری اور اتحاد کے نشان کے طور پر ہمیشہ لہراتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ اپنی رہائش گاہ پر ترنگا پھہراتے ہوئے انہوں نے اُن لوگوں کو یاد کیا جنہوں نے ملک کی آزادی کے لیے اپنا سب کچھ قربان کردیا تھا۔ ملک کے شہریوں میں حب الوطنی کے جذبے کو ابھارنے کے لیے 9 اگست سے 15 اگست تک یہ مہم چلائی جارہی ہے۔ حکومت نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے گھروں پر ترنگا لگائیں اور ترنگے کے ساتھ اپنی سیلفی لے کر ہرگھر ترنگا ویب سائٹ پر اپلوڈ کریں۔

## Rev. PM Partition Remembrance Day

ملک آج تقسیم کی ہولناکی کو یاد کررہا ہے۔ اس دن 1947 کے تقسیم ہند کے متاثرین کو یاد کیا جاتا ہے۔ تقسیم کی ہولناکی کے دن کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اُن بے شمار لوگوں کو یاد کیا جو تقسیم کی ہولناکی کے سبب متاثر ہوئے تھے۔انہوں نے کہا کہ آج کا دن اُن کے حوصلے کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن بھی ہے، جس سے انسانی ہمت کی طاقت کا اظہار بھی ہوتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بہت سے ایسے لوگ جو تقسیم سے متاثر ہوئے تھے انہوں نے اپنی زندگی نئے سرے سے شروع کی اور زبردست کامیابی حاصل کی۔ وزیراعظم نے ملک میں اتحاد اور بھائی چارے کے رشتوں کو ہمیشہ تحفظ دینے کے ملک کے عزم کو خاص طور پر اُجاگر کیا۔ حکومت نے 2021 میں فیصلہ کیا تھا کہ ہر سال 14 اگست کو اُن افراد کی قربانیوں کو یاد کیا جائے گا، جنہوں نے ملک کی تقسیم کے سبب اپنی جانیں گنوائی تھیں اور بے گھر ہوگئے تھے۔

**SC Mineral Tax**

سپریم کورٹ نے آج واضح کیا ہے کہ ریاستیں معدنیات کے حقوق پر بقایہ ٹیکس لے سکتی ہیں لیکن پہلی اپریل 2005 سے پہلے کا بقایہ ٹیکس نہیں لیا جائے گا۔ سپریم کورٹ نے اُس دلیل کو مسترد کردیا جس میں کہا گیا تھا کہ 25 جولائی کو سپریم کورٹ نے ریاستوں کو معدنیات کے حقوق پر ٹیکس حاصل کرنے کا جو فیصلہ سنایا تھا اُس کو پچھلی تاریخوں پر لاگو نہ کیا جائے۔ 25 جولائی کو سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا تھا کہ ریاستوں کو معدنیات کے حقوق پر ٹیکس لگانے کا حق حاصل ہے اور کانوں اور معدنیات کا ترقیاتی اور انضباطی قانون 1957 ریاستوں کے اِس حق کو نہیں روکتا ہے۔ اِس فیصلے کے بعد مرکز اور کچھ کمپنیوں نے اِس طرح کا مطالبہ کیا تھا کہ اِس فیصلے کو فیصلہ سنانے کی تاریخ سے ہی لاگو کیا جائے۔

**Haj Application**

حج 2025 کیلئے درخواست فارم کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ درخواستیں اگلے مہینے کی 9 تاریخ تک دی جاسکتی ہیں۔ اقلیتوں سے متعلق اُمور کے وزیر کرن رجیجو نے اسی محکمے کے وزیر مملکت George Kurien کے ہمراہ کل نئی دلی میں Haj Application-2025 کا آغاز کیا۔ بعد میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب رجیجو نے بتایا کہ سعودی عرب نے اگلے سال کے حج کیلئے بھارت کے واسطے ایک لاکھ 75 ہزار عازمین حج کا کوٹہ الاٹ کیا ہے۔

وزیر موصوف نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ پہلی بار حج کمیٹی آف انڈیا کی ویب سائٹ کے ساتھ ساتھ Haj Suvidha App کے ذریعے بھی درخواستیں دی جاسکتی ہیں۔

**SC Kejriwal**

آج سپریم کورٹ نے دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو اُس شراب پالیسی سے وابستہ بدعنوانی کے ایک معاملے میں عبوری ضمانت دینے سے انکار کردیا، جو اب منسوخ ہوچکی ہے۔ عدالت عالیہ نے عام آدمی پارٹی کے لیڈر کی درخواست ضمانت پر CBI کا جواب طلب کیا ہے اور اس معاملے کو 23 اگست تک ملتوی کردیا ہے۔ عام آدمی پارٹی کے سربراہ کو CBI نے 26 جون کو اُس وقت حراست میں لیا تھا، جب وہ مبینہ شراب پالیسی گھپلے سے وابستہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں جیل میں تھے۔

**UP Court Warrant**

اترپردیش کے سلطان پور میں ایک MP-MLA عدالت نے عام آدمی پارٹی کے راجیہ سبھا کے رکن پارلیمنٹ سنجے سنگھ اور دیگر پانچ کے خلاف غیر ضمانتی وارنٹ جاری کیا ہے۔ کل اسپیشل مجسٹریٹ Subham ورما نے دو دہائی پرانے سڑک ناکہ بندی کرکے احتجاج کے معاملے میں قصوروار قرار دیئے جانے کے بعد سنجے سنگھ اور دیگر کے خودسپردگی نہ کرنے پر یہ وارنٹ جاری کئے۔ اس سے قبل اس ماہ کی چھ تاریخ کو عدالت نے سماجوادی پارٹی کے قومی ترجمان اور سابق ایم ایل اے انوپ Sanda

سمیت سنجے سنگھ اور دیگر کو 45 دن کی قید کی سزا کو صحیح ٹھہرایا تھا۔ عدالت نے اُنھیں اگست کی 9 تاریخ کو خودسپردگی کرنے کا بھی حکم دیا تھا۔

## DOCTORS STRIKE

ریزیڈنٹ ڈاکٹروں کی ایسوسی ایشن کی فیڈریشن FORDA نے کولکاتہ میں ڈاکٹر کے قتل کے واقعے کے معاملے پر اپنی ہڑتال ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کل نئی دلی میں مرکزی وزیرصحت جگت پرکاش نڈا کے ساتھ فیڈریشن کے وفد کی ملاقات کے بعد اِس بارے میں فیصلہ کیا گیا۔ ملک بھر کے ڈاکٹر پیر کے روز سے اِس واقعے پر احتجاج کررہے ہیں۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے FORDA کے صدر Aviral Mathur نے کہا کہ وزیرصحت نے یقین دلایا ہے کہ اُن کی مانگوں پر طے شدہ وقت کے اندر غور کیا جائے گا۔ اِدھر مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے ہڑتال ختم کرنے کے FORDA کے فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے۔جناب نڈا نے ڈاکٹرس کو اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ ان کی ہر طرح کی تشویس کا ازالہ کیا جائے گا تاکہ کام کرنے کے لئے انھیں ایک محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کیا جاسکے۔

اس دوران CBI کی ایک ٹیم نے مغربی بنگال میں کولکتہ کے تالا پولیس اسٹیشن سے FIR کی کاپی لینے کے بعد اس معاملے میں تحقیقات شروع کردی ہے۔کل ٹیم نے اُن چار ڈاکٹروں سے پوچھ تاچھ کی، جو واقعے سے پہلے ہلاک ہوئی ڈاکٹر کے ساتھ تھے۔کولکتہ ہائی کورٹ نے اس معاملے میں CBI کی تحقیقات کا حکم دیا تھا۔

## DRDO GAURAV

دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم DRDO نے بھارتی فضائی فوج کے Sukhoi-30 MK-I طیارے سے طویل دوری کے Glide Bomb گورَو کی پہلی کامیاب آزمائش کی ہے۔ دفاع کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ تجربہ اُڈیشہ کے ساحل کے نزدیک کیا گیا۔ گورو، فضا سے داغے جانے والا ایک ہزار کلو گرام وزن کا class glide bomb ہے جو طویل فاصلے پر نشانہ لگانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اِس کامیاب آزمائش کیلئے DRDO، بھارتی فضائیہ اور متعلقہ صنعت کو مبارکباد دی ہے۔

## Japan PM Resign

جاپان کے وزیراعظم فومیو کشیدا نے کہا ہے کہ وہ ستمبر میں اپنے عہدے سے دستبردار ہوجائیں گے۔ آج ایک پریس کانفرنس کے دوران انتخابات میں حصہ نہ لینے کے اپنے فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے جناب کشیدا نے کہا کہ حکمراں لبرل ڈیموکریٹک پارٹی LDP کو ایک نئی شروعات کی ضرورت ہے۔ستمبر میں LDP پارٹی اپنے نئے لیڈر کا انتخاب کرے گی جس کے بعد 67 سال کے LDP کے لیڈر وزیراعظم کے عہدے سے استعفٰی دے دیں گے۔ اُن کی پارٹی میں بدعنوانیوں کے تناظر میں جناب کشیدا کی حمایت میں کمی آئی ہے۔ جناب کشیدا 2021 سے وزیراعظم ہیں۔ یہ پارٹی 1955 سے تقریباً مسلسل اقتدار میں ہے۔

**US Israel Arm Sale**

امریکہ نے، **20** ارب ڈالر کے ہتھیار، اسرائیل کو فروخت کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ ان میں جنگجو جیٹ طیارے اور جدید ترین، فضا سے فضا میں مار کرنے والے میزائل بھی شامل ہیں۔ امریکہ کے خارجی امور کے محکمے نے کل اس کا اعلان کیا۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ ممکنہ فروخت میں **50** سے زیادہ **F-15** جنگجو جیٹ طیارے، جدید ترین اوسط دوری تک فضا سے فضا میں وار کرنے والے میزائل، **120 MM** ٹینک، اسلحہ اور زیادہ دھماکہ خیز مورٹار نیز چھوٹا حملہ آور سامان شامل ہے۔ یہ ایک طویل مدتی سودا ہے جس میں **F-15** جنگجو طیارے، **2029** تک مہیا کردیے جائیں گے۔ محکمہ دفاع پینٹاگن نے بتایا کہ امریکہ، اسرائیل کی سلامتی کا پابند ہے اور ایک مضبوط اور اپنے دفاع کی تیار رہنے کی صلاحیت پیدا کرنے میں اسرائیل کی مدد بہت اہم ہے۔ کئی ارب ڈالر کا ہتھیاروں کا یہ سودا ایسے وقت میں کیا گیا ہے جب ایران میں حماس رہنما اسماعیل ہنیہ اور لبنان میں حزب اللہ ملٹری کمانڈر فواد شکر کی حال ہی میں ہوئی ہلاکتوں کے بعد، مغربی ایشیا میں ایک وسیع تر جنگ کے خدشات محسوس کیے جا رہے ہیں۔ اِن دونوں ہی ہلاکتوں کے بعد اسرائیل کے خلاف جوابی کارروائی کے خطرات بڑھ گئے ہیں۔

☆☆☆